# 4 لمبا اور چھوٹا

لالی اپنے ابا کی دوکان پر بیٹھی سامان بیچ رہی ہے۔ تبھی ایک کسان رسی خریدنے آتا ہے۔






تب کسان نے اپنے ہاتھ سے رسی ناپی اور لالی نے اس کو 7 ہاتھ لمبی رسی دے دی۔ آپ اپنا ہاتھ ناپئے اور اپنی والدہ کا ہاتھ ناپئے کیا فرق ہے؟

بچوں کی اس بات کے لیے حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ اپنے چاروں طرف دیکھیں کہ چیزوں کی لمبائی کو کس کس چیز سے ناپا جاتا ہے۔ معیاری اور غیر معیاری اکائی کا استعمال کیسے کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر رسی، پھولوں کے ہار، کپڑے وغیرہ کو کیوبٹ، بالشت یا انگلی وغیرہ سے ناپ کر بیچتے ہیں۔ بچوں کو اپنے جسم کے حصوں کی مدد سے چیزوں کی لمبائیاں اور فاصلے ناپنے کی سرگرمیاں بھی کرنی چاہئیں۔

© NCERT not to be republished




2019-20


# کتنے؟



* کتنے قدموں میں ڈورجی سڑک پار کرلے گا۔؟



* اس میز پر ایک لائن میں کتنی پیالیاں رکھی جاسکتی ہیں؟






* پیڑ کی شاخ تک پہنچنے کے لیے کتنے مٹکے رکھے جائیں گے؟

* اس تار پر کتنی قمیصیں لٹکائی جاسکتی ہیں؟



© NCERT not to be republished

## ایک سینٹی میٹر (cm) کتنا ہوتا ہے؟




ماچس کی تیلی 4 سینٹی میٹر لمبی ہے۔

پانسہ ہر طرف سے ایک سینٹی میٹر لمبا ہے۔

چھپکلی 13 سینٹی میٹر لمبی ہے۔


پتّی ______ سینٹی میٹر لمبی ہے۔

موی رنگ ______ سینٹی میٹر لمبا ہے۔

اب اپنے جیومیٹری باکس میں رکھے فٹے (Scale) کو دیکھیے اس پر کتنے سینٹی میٹر بنے ہیں؟


© NCERT not to be republished

وہ چھوٹا فٹا جو آپ اسکول میں زیادہ تر استعمال کرتے ہیں وہ اس طرح کا ہوتا ہے۔




کیا 0 نشان سے ناپنا شروع کرنا آسان ہوتا ہے؟ فٹے کے پاس بنی چیزوں کو دیکھیے اور ان کی لمبائیاں معلوم کیجیے۔

* فٹے پر بنی چھوٹی لائینیں کس کام آتی ہیں؟
* ایسی چیزوں کو دیکھیے جو
  * تقریباً 10 سینٹی میٹر لمبی ہوں۔
  * 10 اور 20 سینٹی میٹر کے درمیان کی لمبائی کی ہوں۔
  * 1 سینٹی میٹر سے کم لمبی ہوں۔
* ان میں سے کچھ کو یہاں بنائیے۔




© NCERT not to be republished



## میرا ہاتھ کتنا لمبا ہے؟

اپنے انگوٹھے اور اپنی چھوٹی انگلی کو ناپیے۔

اس صفحہ پر بنا اسکیل استعمال کیجیے۔

کون لمبا ہے؟ انگوٹھا یا چھوٹی انگلی؟

ناپنے والا فیتہ اپنی کلاس میں لے کر آیئے۔





اپنے جسم کے مختلف حصوں کی لمبائیوں کا اندازہ لگایئے اور پھر جانچ کیجیے کہ کیا آپ کا اندازہ درست ہے۔ آپ دھاگہ، اسکیل، رسی، ناپنے کا فیتہ وغیرہ استعمال کر سکتے ہیں۔



**سوچیے** اگر آپ کسی چیز کی لمبائی کو رسی، جوتے کا فیتہ، دھاگہ وغیرہ سے ناپیں گے تو آپ کو یہ کیسے پتہ چلے گا کہ کتنے سینٹی میٹر ہیں؟

© NCERT not to be republished

|  | میری ناپ | میرے دوست کی ناپ |
| --- | --- | --- |
| ناک | ______سینٹی میٹر | ______سینٹی میٹر |
| کلائی کے چاروں طرف | ______سینٹی میٹر | ______سینٹی میٹر |
| سر کے چاروں طرف | ______سینٹی میٹر | ______سینٹی میٹر |
| کان | ______سینٹی میٹر | ______سینٹی میٹر |
| ہاتھ (بیچ کی انگلی کے کنارے سے کلائی تک) | ______سینٹی میٹر | ______سینٹی میٹر |



اپنی اور اپنے دوستوں کی ناپ کا موازنہ کیجیے۔

- کس کا سر سب سے بڑا ہے اور کس کا سب سے چھوٹا ہے؟
______ ______

- کس کا ہاتھ سب سے لمبا ہے (بیچ کی انگلی سے کلائی تک)؟
______



- کیا لمبا ہے؟ آپ کا کان یا آپ کی ناک ______


- کیا آپ کا کوئی ناخن ایک سینٹی میٹر سے زیادہ لمبا ہے؟
______



2019-20

# گبلی اور دانے

گبلی چیونٹی دانوں تک پہنچنا چاہتی ہے وہ سب سے چھوٹا راستہ ڈھونڈ رہی ہے۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ کون سا راستہ سب سے چھوٹا ہے؟




© NCERT not to be republished

کیا آپ ان سب سے چھوٹی سڑک بنا سکتے ہیں؟ اس سڑک کی لمبائی کیا ہوگی؟ ______________

بچوں کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اس قابل ہو جائیں کہ اپنی جان پہچان کی چیزوں کے مقابلے میں میٹر کا اندازہ لگا سکیں جیسے ان کی اپنی لمبائی بجائے اس کے کہ وہ میٹر کو سینٹی میٹر میں بدلنے کی شکل اور تھکا دینے والی مشق کریں۔ ابھی بچوں کا کلومیٹر جیسی بڑی اکائیوں کو سمجھنا مشکل ہے۔ اس لیے ان سے کہانی سنا کر کلومیٹر کا استعمال کرانا چاہیے۔ آگرہ کا نقشہ ایک ایسی مشق ہے جس میں بچوں کو شامل کر کے بات چیت کی جا سکتی ہے اور جانی پہچانی چیزوں کی مدد سے نقشہ کی دو ابعادی شکل کو سمجھنا آسان ہوگا۔

## ایک میٹر کتنا لمبا ہوتا ہے؟














## ایک میٹر کے برابر رسی بنائیں

آپ نے کپڑے والے کو میٹر روڈ (Meter rod) سے کپڑا ناپتے ہوئے دیکھا ہوگا۔



- میٹر روڈ اور رسی کا استعمال کریں۔
- رسی کے ایک کنارے پر گرہ (گانٹھ) لگائیں۔
- میٹر روڈ کو رسی کے برابر رکھیں۔
- رسی پر ایک میٹر کا نشان لگائیے اور وہاں پر گرہ لگائیے۔
- اب دونوں گرہوں کے درمیان کی لمبائی ایک میٹر ہوگئی۔ لیجیے اب رسی کا میٹر تیار ہے۔

اگر آپ کے پاس میٹر روڈ نہیں ہے تو آپ ناپنے والا فیتہ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ رسی پر 100 سینٹی میٹر پر نشان لگائیے۔ 100 سینٹی میٹر، ایک میٹر کے برابر ہوتا ہے۔ اس طرح بھی آپ میٹر رسی تیار کر سکتے ہیں۔



# اندازہ لگایئے اور جانچیے

## سرگرمی 1

* کوئی ایسی چیز لیجیے جو ایک میٹر لمبی دکھائی دیتی ہو۔
* میٹر رسی کا استعمال کر کے یہ معلوم کیجیے کہ یہ چیزیں ایک میٹر سے زیادہ لمبی ہیں یا کم لمبی ہیں۔

| چیز کا نام | 1میٹر سے زیادہ لمبی | 1میٹر سے کم لمبی |
|---|---|---|
| میز کی لمبائی | — | — |
| میز کی چوڑائی | — | — |
| دروازے کی چوڑائی | — | — |
| دروازے کی اونچائی | — | — |
| | — | — |
| | — | — |
| | — | — |

## سرگرمی 2



تیسری کلاس کے کچھ بچوں نے کلاس کی دیوار پر ایک میٹر اونچائی پر نشان لگایا آپ بھی اپنی کلاس کی دیوار پر ایک میٹر کا نشان لگا سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

اب آپ اپنے دوستوں کی لمبائی کا ایک چارٹ بنائیے۔
سینٹی میٹر کو ناپنے کے لیے آپ اپنے چھوٹے اسکیل کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔

| ایک میٹر سے کتنے سینٹی میٹر کم یا زیادہ | ایک میٹر سے لمبا / چھوٹا/ برابر | نام |
|---|---|---|
| 4 سینٹی میٹر | لمبا | شمبھو |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |
| ________ | ________ | ________ |



## سینٹی میٹر یا میٹر

ان میں سے کس کی لمبائی سینٹی میٹر میں ناپی جاسکتی ہے اور کن کی میٹر میں؟



* کمپیوٹر کے اسکرین کی چوڑائی



* سردار جی کی پگڑی کی لمبائی
* ایک سال کے بچے کی لمبائی
* کیلے کی لمبائی



* ہاتھی کی کمر کی چوڑائی



* گنّے کی لمبائی
* کنوئیں کی گہرائی
* اپنی اماں کی لمبائی
* گھر سے اسکول کا فاصلہ
* ابا کے ہاتھ کی لمبائی




## آگرہ کا سفر

میری اور بائی چنگ اپنی فیملی کے ساتھ آگرہ جا رہے تھے۔ وہ آگرہ کینٹ کے ریلوے اسٹیشن پر اترے اور وہاں سے تاج محل جانے کے لیے ایک رکشا لیا۔ تین گھنٹے گھومنے کے بعد انھوں نے پھر رکشا لے کر آگرے کا قلعہ دیکھنے گئے۔ دوپہر کو انھوں نے بس لی اور فتح پور سیکری گئے۔

© NCERT not to be republished

## آگرے کا نقشہ




اب ان جگہوں کے درمیان کے فاصلوں کو دیکھتے ہیں۔

- آگرہ کینٹ ریلوے اسٹیشن سے تاج محل - 5 کلومیٹر
- تاج محل سے آگرہ کا قلعہ - 2 کلومیٹر
- آگرہ کے قلعے سے فتح پور سیکری ۔40 کلومیٹر

اب آپ نقشے کی مدد سے معلوم کیجیے

آگرہ کینٹ سے اسٹیشن سے کون زیادہ دور ہے ۔ تاج محل یا فتح پور سیکری؟

++++++++++++++++++++++ یہ نشان ریل کی پٹری کو ظاہر کرتا ہے۔

ان میں سے کون ریل کی پٹری کے سب سے زیادہ قریب ہے :

- بابر پور کا جنگل یا تاج جنگل؟
- آگرہ قلعہ یا تاج محل؟

ان میں کون جمنا ندی کے زیادہ قریب ہے :

- تاج محل یا ریلوے اسٹیشن؟



2019-20

# صحیح لمبائیوں سے ملایئے

اندازہ لگاؤ کہ ان میں سے کون سی چیز کس لمبائی کے ساتھ صحیح بیٹھتی ہے۔ لکیر کھینچ کر ملان کرو۔



ایک کیچوے کی لمبائی



ایک بچے کی لمبائی



انگلی کے ناخن کی چوڑائی



ایک ساڑی کی لمبائی




گھر سے اسکول کی دوری

2 کلومیٹر

5 میٹر

10 سینٹی میٹر


1 سینٹی میٹر

1 میٹر




# لمبی دُموں کا مقابلہ

اس تصویر میں کچھ جانور دکھائے گئے ہیں۔ جو آپس میں ایک مقابلہ کر رہے ہیں۔ وہ جانور جس کی دُم سب سے لمبی ہوگی اس کو پہلا انعام ملے گا۔ اب آپ بتائیے کہ کس کو پہلا انعام ملے گا اور کس کو دوسرا انعام ملے گا۔ سب سے زیادہ لمبی دُم کی لمبائی کا اندازہ لگائیے۔




© NCERT not to be republished